PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ندیم خان کو قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا کوآرڈینٹر مقرر کردیا گیا

لاہور، 17 اکتوبر 2019ء :

سابق ٹیسٹ اسپنر ندیم خان کو قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا کوآرڈینٹر مقرر کردیا گیا ہے۔

ندیم خان صرف صوبائی ٹیموں کے کوچز اور چیف سلیکٹر مصباح الحق کے درمیان پل کا کردار ادا کریں گے۔ کوآرڈینیٹر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ 6 کوچز سے رابطہ کرکے ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی رپورٹ تیار کرکے سلیکشن کمیٹی کو پیش کرے۔

ندیم خان کا سلیکشن کمیٹی میں کوئی کردار نہیں ہوگا۔ کوآرڈینٹر کا عہدہ سنبھالنے والے ندیم خان کا شمار سلیکشن کمیٹی کےاراکین میں نہیں ہوگا۔

چھ ریجنل کوچز سے مسلسل رابطے میں رہنا اور ملک بھر میں جاری ڈومیسٹک کرکٹ میچوں کو دیکھ کر مفصل رپورٹ تیار کرنا ندیم خان کی ذمہ داریوں میں شامل ہوگا۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان کاکہنا ہےکہ وہ ندیم خان کی تقرری کا اعلان کرتے ہوئےمسرور ہیں ۔اس موقع پر وسیم خان نے ندیم خان کو پی سی بی فیملی کا حصہ بننے پر مبارکباد پیش کی۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی نے کہا کہ ندیم خان کا شمارپاکستان کےانتہائی معتبر کرکٹرز میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کا وسیع علم رکھنے والے ندیم خان ایمانداری سے کام کرتے ہیں۔

وسیم خان نے کہا کہ مصباح الحق کی بطور ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر تقرری کے وقت پی

سی بی نے واضح کیا تھا کہ وہ مصباح الحق کو اپنے اہداف کے حصول میں مکمل مدد کریں گے اور ندیم خان کی تقرری اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

ندیم خان کے بارے میں:

- 49 سالہ ندیم خان پاکستان کے لیے 2 ٹیسٹ، 2 ایک روزہ میچوں میں نمائندگی کے ساتھ ساتھ 153 فرسٹ کلاس میچ بھی کھیل چکے ہیں
- ندیم خان 2016-17 میں قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا حصہ رہ چکے ہیں
- ندیم خان 2 مرتبہ ایشیاکپ میں اور ایک بار آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ میں قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے منیجررہ چکے ہیں
- ندیم خان ای سی بی لیول 2 سرٹیفائیڈ کوچ ہیں
- ندیم خان مائیکل وان اکیڈمی میں ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں نبھاچکے ہیں
- ندیم خان اس وقت یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کے سربراہ ہیں

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4